جس نے سورۃ کہف کی شروع کی دس آیتیں حفظ کر لیں، وہ دجال سے محفوظ رہے گا" ایک روایت ہے: "سورۃ کہف کی آخر کی

ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جس نے سورۃ کہف کی شروع کی دس آیتیں حفظ کر لیں، وہ دجال سے محفوظ رہے گا" ایک روایت ہے: "سورۃ کہف کی آخر کی"
[صحیح] [رواہ مسلم]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے بتایا کہ جس نے سورۃ کہف کی شروع کی دس آیتیں زبانی یاد کر لیں، وہ مسیح دجال کے فتنے سے محفوظ رہے گا وہی مسیح دجال جو آخری زمانے میں نکلے گا اور الوہیت کا دعوی کرے گا اس کا فتنہ روئے زمین پر آدم کی تخلیق سے لے کر قیامت تک کی مدت میں سامنے آنے والا سب سے بڑا فتنہ ہوگا کیوں کہ اللہ اسے کچھ ایسی خلاف عادت چیزیں عطا کرے گا، جن کےذریعہ وہ لوگوں کو فتنے میں ڈالے گا سورۃ کہف کی شروع کی دس آیتوں کو یاد کر لینے سے دجال کے فتنے سے تحفظ اس لیے ملے گا کہ ان آیتوں کے اندر کچھ ایسے عجائب اور خلاف عادت چیزوں کا ذکر ہوا ہے، جو دجال کے ہاتھوں ظاہر ہونے والی خلاف عادت چیزوں سے کہیں بڑھ کر ہیں لہذا جو ان پر غور وفکر کر لے گا، وہ دجال کے فتنے کا شکار نہیں ہوگا ایک روایت میں ہے : اس سورۃ کے آخر کی دس آیتیں، جو {أفحسب الذين كفروا أن يتخذوا...} سے شروع ہوتی ہیں

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/6265